| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: آبادی |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آبادی اور مردم شماری کی تعریف کر سکیں۔
- مردم شماری کی اہمیت بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال کریں:

- آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک کون سا ہے؟
- آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

ان سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 82 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو آبادی کا مطلب سمجھائیں کہ کسی ملک میں رہنے والے لوگوں کی تعداد وہاں کی آبادی کہلاتی ہے۔
- انھیں بتائیں آبادی کے بارے میں اعداد و شمار اور دیگر معلومات حکومت اکٹھا کرتی ہے۔ان معلومات میں تعداد کے علاوہ لوگوں کی جنس، عمر، تعلیمی قابلیت اور پیشہ وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو مردم شماری کے بارے میں بتائیں کہ کسی ملک میں لوگوں کی تعداد اور ان کے بارے میں اعداد و شمار اور معلومات کو جمع کرنا مردم شماری کہلاتا ہے۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے طلبہ کو مردم شماری کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو بتائیں حقائق جیسے کل آبادی، دیہاتی اور شہری آبادی، فی مربع کلومیٹر آبادی وغیرہ مردم شماری سے حاصل کیے جاتے ہیں۔
- اس کے ذریعے مختلف خطوں میں رہنے والے افراد کے مسائل کو بھی سمجھا جا سکتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا)کا سوال(i)اور(ii)کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: آبادی |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- خطے میں آبادی کی تقسیم نقشے کے ذریعے سے بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- مردم شماری سے کیا مراد ہے؟
- مردم شماری سے کون سے حقائق حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 83 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان میں پہلی مردم شماری 1957ء میں ہوئی جبکہ آخری مردم شماری 2017ء میں ہوئی۔
- تختہ تحریر پر ادارے کا نام لکھیں جو پاکستان میں مردم شماری کا ذمے دار ہے۔

  ادارہ برائے شماریات، حکومت پاکستان

  "Pakistan Bureau of Statistics, Government of Pakistan"
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کے مختلف علاقوں میں آبادی کی تقسیم مختلف ہے۔ کچھ علاقے گنجان آباد ہیں۔
- انھیں بتائیں پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا آبادی والا صوبہ جبکہ بلوچستان کم آبادی والا صوبہ ہے۔ شہروں میں کراچی آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا شہر ہے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 84 پر دیے گئے نقشے سے آبادی کی تقسیم کی وضاحت کریں۔

## اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا)کا سوال(iii)اور(iv)طلبہ سے جواب لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 6 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: آبادی |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آبادی میں اضافے سے پیدا ہونے والے مسائل کی وجوہات کی فہرست بنا سکیں۔
- صفائی اور حفظان صحت کی اہمیت اور بڑھتی ہوئی آبادی سے اس کے تعلق کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مار کر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پاکستان میں پہلی مردم شماری کب کی گئی؟
- 2017ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی ہے؟

ان سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 84 تا 85 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کی آبادی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے برعکس پاکستان میں شرح افزائش میں اضافہ ہو رہا ہے۔
- بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل تختہ تحریر پر درج کریں:
  - ضروریات زندگی کی عدم دستیابی
  - رہائش کے لیے مسائل
  - نکاسی آب کا مسئلہ
  - تعلیم اور حفظان صحت کی سہولیات کی کمی
- طلبہ کو بتائیں دنیا کی بڑھتی ہوئی آبادی کو جن مسائل کا سامنا ہیں ان میں پانی کی کمی اور صاف پانی کی عدم دستیابی سر فہرست ہیں۔

- انھیں بتائیں اس مسئلے کے حل کے لیے اقوامِ متحدہ کا ایک ادارہ "WASH" اس مقصد کے حل کے لیے کام کر رہا ہے۔
- تختۂ تحریر پر WASH کا پورا نام لکھیں۔ "Water and sanitation Hygiene"
- طلبہ کے گروپ بتائیں اور انھیں بتائیں پانی کو احتیاط سے استعمال کرنے کی تجاویز لکھیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو (2) کا سوال (ii) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: آبادی میں اضافے سے کن مسائل میں اضافہ ہوا ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال نمبر 2: جدول مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| • پاکستان کی موجودہ آبادی ہے: | ______ |
| • پاکستان میں آخری مَردم شُماری ہوئی: | ______ |
| • پاکستان میں اَب تک کتنی بار مَردم شُماری ہو چکی ہے؟ | ______ |
| • آپ کے صوبے کی آبادی ہے: | ______ |